الجامعة البنورية العالمية
دار الافتاء والقضاء
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان
email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Name | : | **Tariq Muzaffar** | Serial No | : | **32235** |
| Address | : | **Karachi** | Date | : | **12/6/2017** |
| Subject | : | **فارمي چکن** | Contact No: | | |
| Writer | : | قاسم علی | Email | : | |

MODE: **Regular**

mugko maloom karna hey k farmi chicken halal hey k haram.ku k ajkal media per boht a raha hey k es k feed may janwaro ka khoon aur souar k agza shamil kie ja te hain.khoon islam may haram hey aur souar bhi.plz tahqeeq kar k ap ulma hazrat es musle ko media k zarie ugagar kare.taake yeh konfuse an dur ho sake.

مجھ کو معلوم کرنا ہے کہ فارمی چکن حلال ہے کہ حرام۔ کیونکہ آجکل میڈیا پر بہت آرہا ہے کہ اس کے خوراک میں جانوروں کا خون اور سور کے اجزاء شامل کئے جاتے ہیں۔ خون اسلام میں حرام ہے اور سور بھی۔ ازراہ کرم تحقیق کرکے آپ علماء حضرات اس مسئلہ کو میڈیا کے ذریعے اُجاگر کریں۔ تاکہ یہ الجھن دور ہوسکے۔

الجواب حامداً ومصلیاً۔

مرغیوں کو بھی حرام غذا کھلانا جائز نہیں تاہم اسکے کھلانے سے اگر اس کا اثر گوشت میں بدبو کی صورت میں ظاہر نہ ہو تو اسکی وجہ سے مرغی کا گوشت کھانا حرام نہ ہوگا، البتہ اس حرام غذا کا اثر اگر بدبو کی صورت میں ظاہر ہوجائے اور مرغیوں کے گوشت سے بدبو آنے لگے تو ایسی صورت میں انہیں تین ۳ یوم باندھ کر پاک صاف غذا کھلانے سے جب بدبو کا اثر زائل ہوجائے تو تب اسکا کھانا جائز ہوگا۔

فی الدر: ولبن (الجلالة) التی تأکل العذرة (و) لبن (الرمکة) ای الفرس وبول الإبل، وأجازه أبو یوسف للتداوی (وکره لحمهما) لحم الجلالة والرمکة، وتحبس الجلالة حتی یذهب نتن لحمها۔ وقدر بثلاثة أیام لدجاجة وأربعة لشاة، وعشرة لإبل وبقر علی الأظهر۔ ولو أکلت النجاسة وغیرها بحیث لم ینتن لحمها حلت کما حل أکل جدی غذی بلبن خنزیر لأن لحمه لا یتغیر وما غذی به یصیر مستهلکا لا یبقی له أثره (ج ۶ ص ۳۴۰)۔

وفی البزازیة: وفی النوادر جدی غذی بلبن الخنزیر لا بأس

(جاری ہے)

بأكله فعلى هذا لا بأس بأكل الدجاج لأن لحمه لا يتغير وما غذي
به صار مستهلكا لا يبقى له أثر اهـ (ج ٦ ص ٣٠٢) - والله أعلم

قاسم علی عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ عالمیہ سائٹ کراچی
۲۸/ ربیع الاول/ ۱۴۳۹ھ۔

الجواب صحیح
بندہ یار جان عمار [illegible] عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۵/ ۳/ ۱۴۳۹ھ

نائب رئيس
دار الإفتاء جامعة بنورية العالمية

الجواب صحیح
بندہ [illegible] جمیل
دار الافتاء جامعہ بنوریہ [illegible]

رئيس
دار الإفتاء جامعة بنورية العالمية

دار الإفتاء
٣٢٢٣٥
١٤٣٩/٣/٥
جامعة بنورية العالمية

[illegible]
24/12/17